ilgrandecolibrì
Essere LGBT nel mondo.

trama di terre
ASSOCIAZIONE INTERCULTURALE DI DONNE NATIVE E MIGRANTI - ONLUS

# مردوں کا خواتینوں پر تشدّد ، کیا کرنا چاہئے؟







اردو

**URDU**

# مردوں کا خواتینوں پر تشدّد کیا ہوتا ہے؟

خواتین کے خلاف زیادتی اور تشدد کی متعدد قسمیں ہیں
تشدد کے ذریعے ، مرد عورتوں پر قابو پانا اور ان کی آزادی کو ختم کرنا چاہتے ہیں

ایک شخص آپ کے خلاف تشدد کرتا ہے:

آپ کو یا بچوں کو ہاتھ سے مارتا ہے (چاہے صرف ایک تپپر!) یا پھر وہ آپ کو مرنے کا کہتا ہے

آپ کو گالیاں دیتا ہے یا پھر آپ کے خلاف اونچا بولتا ہے اکیلے میں یا لوگوں کے سامنے

آپ کی بات نہیں سنتا ، اسکو تمہارا کوئی احساس نہیں ہے ، یا پھر وہ آپ کو دباتا ڈراتا ہے

آپ کو فیملی یا دوستوں سے نہیں ملنے دیتا یا یہ کہتا ہے کہ میں بچے تم سے لے لونگا

آپ کو گھر سے نہیں نکلنے دیتا ، آپ کو کام یا اسٹڈی نہیں کرنے دیتا

باربار آپ کو کال کرتا رہتا ہے اور آپ کو میسج کرکے پوچھتا رہتا کہ کدھر ہو کیا کر رہے ہو

آپ کے موبائل کی جانچ کرتا ہے اور آپ کے تمام پاس ورڈزجاننا چاہتا ہے

آپ کو کہتا ہے کہ آپ کو کس طرح کے کپڑے پہننے ہیں ، مثال کے طور پر وہ آپ کو روایتی لباس پہننے کو کہتا ہے یا جو لباس آپ نہیں پہننا چاہتی ہیں

وہ آپ کو سیکس کرنے کا کہتا ہے جب کہ آپ نہیں کرنا چاہتی ، یا پھرآپ کو زبردستی حمل کرنے پر مجبور کرتا ہے یا حمل آپ کا ہے اور وہ گرانا چاہتا ہے

وہ فیصلہ کرتا ہے کہ آپ کو کس سے شادی کرنی ہوگی

آپ کو گالیاں دیتا ہے یا ہاتھ سے مارتا ہے اگر آپ ایک عورت سے پیار کرتی ہو

فیملی پیسہ چیک کرتا ہے ، آپ کو یا بچوں کو پیسہ نہیں

وہ آپ کے دستاویزات یا بچوں کے دستاویزات (شناختی کارڈ ، پاسپورٹ ، رہائش کا اجازت نامہ...) چھپتا ہے

وہ کہتا ہے کہ اگر تم وہ نہیں کروگی جو میں چاہتا ہوں تو میں آپ کا رہائشی اجازت نامے کو حاصل نہیں کرنے دونگا

ایک شخص آپ کے خلاف تشدد کا مظاہرہ کرتا ہے جب وہ آپ کی عزت نہیں کرتا ، آپ کی بات کواہمیت نہیں دیتا ، جب آپ کہتی ہے کہ یہ کام نہیں کرنا تو وہ نہیں مانتا

اگرچہ آپ کا باپ ، آپ کی والدہ ، آپ کے شوہر ، ایک رشتہ دار ، آپ کے دوست یا آپ کی کام کی جگہ کا مالک تو یہ بھی تشدد ہوتا ہے!

تشدد ایک جرم ہے: کسی کو بھی خواتین پر تشدد نہیں کرنا چاہئے!
اگر کوئی شخص تشدد کرتا ہے تو ، مدد کے لئے پوچھیں!

# جب وہاں اٹلی میں تشدد ہے تو آپ کیا کرسکتے ہیں؟

**112**

اگر یہ کوئی ایمرجنسی ہے اور اگر آپ اپنی زندگی یا
صحت کے لئے پریشان ہیں تو ، مفت نمبر **112** یا **113** پر فون کریں

**1522**

مفت نمبر **1522** پر فون کریں

اپنے شہر کے قریب (کے ساتھ WHATSAPP ، میسنجر ، SMS) فون کریں ، کوئی ای میل لکھیں یا ایک میسج بھیجیں عورتوں کے مرکز دارالامان کو ، دارالامان سینٹر میں وہ خواتین ہیں جو دوسری خواتین کی مدد کرتی ہیں۔ دارالامان سینٹرآپ کی ملامت کسی کو نہیں دیتا یا آپ کے ساتھ کیا مثلا بنا ہے اسکی ملامت کسی کو نہیں دیتا ، وہ آپ کو رقم کا مطالبہ نہیں کرینگے اور آپ سے کسی کام کی زبردستی نہیں کرینگےفون کریں
آپ اس لنک کے ذریعے قریبی مرکز دارالامان سے رابطہ کر سکتے ہیں:
https://www.direcontrolaviolenza.it/i-centri-antiviolenza/

اگرآپ سوچتے ہیں کہ کوئی آپ کے کسی دوست یا آپ کے پڑوسی پر زیاتی کرتا ہے تو ، دارالامان مرکزکو کال کریں یا مفت نمبر 1522 کال کریں

جب آپ باہرسے مدد مانگنے جاتی ہو ، فارمیسی میں مثال کے طور پر ، اسکول میں اساتذہ سے ، یا اس نمبر پر1522 فون کریں یا پولیس یا CARABINIERI سے رابطہ کریں

## پولیس اور کارابینیری کیا کرتے ہیں؟

اگر آپ مفت نمبر 112 یا 113 پر کال کریں تو ، پولیس یا کیریبینری فوری طور پرآئیں گے
اگر آپ رپورٹ لکھوانا چاہتی ہیں یا آپ نہیں لکھوانا چاہتی یہ آپ پر منحصر ہے ، لیکن اگر پولیس یا کرابنیری سوچتے ہیں کہ کچھ سنجیدہ ہوا ہے ، تو وہ آپ کی رپورٹ کے بغیر مجسٹریٹ کو مطلع کرسکتے ہیں

اگر آپ پولیس یا کیریبینری پر جاتے ہیں تو ، آپ شکایت کرسکتے ہیں ، اگر اس سے پہلے بھی 3 ماہ قبل آپ پر تشدد ہوا تھا۔ انتباہ! رپورٹ کے بعد بھی ، تشدد آپ پر جاری رکھ سکتا ہے ، اس سے بھی زیادہ : دارالامان مرکزکو کال کریں یا پھر1522 نمبر پر کال کریں تاکہ وہ آپ کو بتاینگے کہ آپ کو اس صورتحالمیں کیا کرنا ہوگا! دارالامان مرکزآپ کی مدد کریگا اور آپ کے لئے اور آپ کے بچے کے لئے محفوظ جگہ بندبس کریگا

اگرآپ نے تشدد کا تذکرہ کیا تو ، کوئی بھی آپ کے بچے کو لے کر نہیں جا سکتا!

اگر آپ رپورٹ لکھواتی ہیں تو یہ آپ کا حق ہے کہ آپ کو دفاع کرنے کے لئے عدالت سے فری وکیل دیا جایگا

اگر آپ تشدد کی اطلاع دیتے ہیں اور آپ کو خاندان کی وجہ سے رہائش کا اجازت نامہ حاصل ہے تو ، آپ اپنے خاندان کے ساتھ رہ کر خصوصی اجازت نامے کے ساتھ اٹلی میں رہ سکتے ہیں۔ یہ خصوصی اجازت نامہ اسکو آپ کام کے اجازت نامہ پر تبدیل کر سکتی ہیں

اگر آپ کے پاس باقاعدہ ملازمت ہے تو ، آپ 3 ماہ کی چھٹیں لے سکتی ہیں 100 % پوری تنخواہ کے ساتھ

# جسم فروشی اور ثےشُل ےشپلوِتَتِون کیا ہوتا ہے؟

جسم فروشی تب ہوتی ہے جب کوئی شخص ایک عورت سے زبردستی یہ غلط کام کرواتا ہے: یہ ایک انتہائی سنگین جرم ہے

**800 290 290**

اگر کوئی آپ کے ساتھ یا کسی دوسری عورت کے ساتھ یہ کرائم کرتا ہے تو ، مفت نمبر 800 290 290 پر فون کریں۔ یہ ٹیلیفون نمبر ہر دن ہر گھنٹے کام کرتا ہے

اگر آپ یہ جرم کی اطلاع دیتے ہیں اور آپ کے پاس اٹالین دستاویز نہیں ہے تو ، آپ خصوصی اجازت نامے کے ساتھ اٹلی میں رہ سکتے ہیں۔ یہ خصوصی اجازت نامہ اسکو آپ کام کے اجازت نامہ پر تبدیل کر سکتی ہیں

## :تشدد ایک جرم ہے
## کسی کو بھی خواتین پر تشدد نہیں کرنا چاہئے!
## اگر کوئی شخص تشدد کرتا ہے تو ، مدد کے لئے پوچھیں!

**IL GRANDE COLIBRÌ** ODV
https://www.ilgrandecolibri.com

**TRAMA DI TERRE** ONLUS APS
https://www.tramaditerre.it

trama di terre
ASSOCIAZIONE INTERCULTURALE DI DONNE NATIVE E MIGRANTI - ONLUS

Traduzione in urdu realizzata da Oxfam Italia Intercultura grazie al progetto Net Care in collaborazione con il centro anti-violenza La Nara (Alice), (Fondi DG Justice REC, n. 856909 - i contenuti sono responsabilità degli autori soltanto e non attribuibili alla Commissione Europea)

OXFAM Italia

Net Care



